© rasailojaraid.com



جدید تعلیم یافتہ اور خصوصاً نوجوانوں کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔

**ایک معلم کی زندگی** تقطیع خورد کتابت وطباعت عمدہ ضخامت حصہ اول ۸ ۷ ۴ صفحات وحصہ دوم ۸۰ ۴ صفحات۔ مجلد قیمت ہر دو حصص صہ۔ پتہ: مکتبہ جامعہ دہلی۔

یہ کتاب اگرچہ مدرسۂ ابتدائی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مدرس مولوی محمد عبد الغفار صاحب مدہولوی نے اپنی آپ بیتی کے عنوان سے لکھی ہے۔ لیکن درحقیقت اس میں جامعہ ملیہ کی پوری تاریخ آگئی ہے کہ وہ کس طرح اور کب قائم ہوئی؟ پھر سال بسال اس میں کیا کیا تغیرات ہوتے رہے؟ کس زمانہ میں کون کونک اساتذہ اور طلبار جامعہ کے حلقہ میں زیادہ مشہور رہے؟۔ اس کے علاوہ طلبا کے کھیل کود۔ ان کی انجمنیں وغیرہ غرض یہ کہ سنہ ۱۹۲۰ء سے لیکر اسوقت تک کی جامعہ کی پوری تاریخ ہے۔ زبان بہت سلیس ہے۔ گویا جامعہ کے ننھے منے بچے مدہولوی صاحب کے ارگرد جمع ہیں اور مدہولوی صاحب بڑے اطمینان سے ان کو جامعہ کی بست ویک سالہ روئداد سنا رہے ہیں۔ کتاب میں متعدد فوٹو بھی ہیں۔ امید ہے کہ یہ کہانی بچے اور بڑے سب دلچسپی سے پڑھیں گے۔

**آفتاب** (اسلام اور اسلامی مفکرین) مرتبۂ خورشید الاسلام صاحب صدر آفتاب مجلس مسلم یونیورسٹی علیگڈھ تقطیع متوسط ضخامت ۲۸۲ صفحات کتابت خاصی طباعت اور کاغذ عمدہ قیمت درج نہیں۔ غالباً جناب مرتب سے ملیگی۔

جدید تعلیم کے مسلمان نوجوانوں میں اسلامی انقلاب کے جو خوش آئند آثار پیدا ہو رہے ہیں۔ زیر تبصرہ مجموعہ اس کی ایک روشن مثال ہے۔ اس مجموعہ میں سات مقالات ہیں جن میں سے دو سید جمال الدین افغانی مرحوم پر ایک امام غزالیؒ اور ایک شیخ عبد الوہاب نجدی پر ہے۔ باقی چار مقالات "تجدید واحیار دین" "اسلامی تہذیب پر دوسری تہذیبوں کے اثرات" اور "موجودہ تصوف خالص اسلامی ہے" کے عنوان پر ہیں۔ آخر میں زیبا صاحب کے قلم سے اس مجموعہ کی تاریخ اشاعت ہے اور پھر مجلس کی سالانہ روئداد ہے۔ شروع



© rasailojaraid.com